تبصرہ نگار : اختر راہی ایم اے

تنقید و تبصرہ

قرآن و سنت کی روشنی میں اسلامی فقہ
بزبان انگریزی
ISLAMIC JURISPRUDANCE
IN THE LIGHT OF QURAN &
SUNNAT

مؤلف : سید یعقوب شاہ صاحب۔
ناشر : فیروز سنز لمیٹڈ لاہور۔
قیمت : -/۶ روپے۔ جلد کارڈ بورڈ۔ طباعت عمدہ

سید یعقوب شاہ سابق آڈیٹر جنرل علمی حلقوں میں اپنے متجددانہ خیالات کی بدولت خاصے معروف ہیں۔ سرکاری ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد انہوں نے پراویڈنٹ فنڈ (جس میں سود بھی شامل ہوتا ہے) کے استعمال سے متعلق علمائے دین سے خط و کتابت کی اور کمرشل انٹرسٹ (تجارتی قرضوں کے سود) کی حلت پر زور دیا۔ علمائے دین نے قرآن و سنت کی روشنی میں جواب مرحمت فرمایا مگر شاہ صاحب کے دل کی گرہ نہ کھل سکی، بلکہ گردشِ ایام کے ساتھ ساتھ ان کے متجددانہ خیالات پختہ ہوتے چلے گئے۔

شاہ صاحب نے اپنے متجددانہ خیالات کا اظہار اپنی دو اُردو کتابوں "چند معاشی مسائل اور اسلام" اور "قوانینِ اسلامی کا نفاذ" میں کیا ہے۔ ان دونوں کتابوں کا خلاصہ زیرِ تبصرہ کتاب ہے۔

"اسلامی فقہ — قرآن و سنت کی روشنی میں" میں شاہ صاحب نے تعددِ ازدواج، طلاق ثلاثہ، انشورنس، کمرشل انٹرسٹ (تجارتی قرضوں پر سود) زکوٰۃ اور قطع ید و رجم وغیرہ سے بحث کی ہے ان کی بحث کا سلسلہ وار خلاصہ یہ ہے کہ:

۱۔ عوام کے مفاد کیلئے تعددِ ازدواج پر پابندی کی اجازت ہے۔
۲۔ ایک ہی وقت میں کہی گئیں تین طلاقیں، ایک طلاق کی حیثیت رکھتی ہیں۔
۳۔ حکومت کے قرضوں اور منفعت بخش قرضوں پر سود "ربا" کے ضمن میں نہیں آتا۔
۴۔ انشورنس ایک حد تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔
۵۔ زکوٰۃ کو حکومت کے ٹیکسوں کے ساتھ شامل کیا جاسکتا ہے۔
۶۔ چوری کی سزا قطعِ ید زیادہ سے زیادہ سزا ہے۔
۷۔ رجم حد نہیں بلکہ تعزیر ہے۔
۸۔ ایسے تمام جانوروں کا گوشت کھانے کی اجازت ہے جن سے قرآن نے منع نہیں کیا۔